جلد ۱۸ | نمبر ۲۲

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE.

بحکم نیکان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۳ جون سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل درخواست منشی سارداپرشاد واصلباقی نویس صدر باستدعائے رخصت پندرہ یوم از ۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۹ء بوجہ علالت۔

حکم

چونکہ منشی سارداپرشاد واصلباقی نویس صدر علیل ہیں۔ لہذا حسب درخواست انکے پندرہ یوم کی رخصت رعایتی منظور کیجاتی ہے۔ اور ایام رخصت میں بوجہ جزیکہ منشی جگل کشور شاہرہ دار [illegible] روپیہ اہلمد سرسری حضور تحصیل کو جو کار تشخیص وغیرہ سے واقف ہیں منشی سارداپرشاد واصلباقی نویس صدر کا قائم مقام بنایا جاتا ہے منشی جگل کشور ایام رخصت میں بحساب [illegible] روپیہ ماہوار الاؤنس پائینگے۔ اور منشی جگل کشور کی جگہ لچھمن پرشاد امیدوار جو جگل کشور کے پاس اہلمدی سرسری کا کام کر رہا ہے۔ بجائے جگل کشور کے بشاہرہ [illegible] روپیہ مقرر کیا جائے۔ حسب منشاء نظام مذکورہ بالا صدر سے آج ہی انکا ضابطہ جاری ہوں۔ اور عرضداشت باامید منظوری انتظام ہذا تاریخ ارائے اجلاس ہمایوں مرسل ہو۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مدرسہ مڈل میں دو جدید مدرسین کے تقرر کی منظوری اجلاس ہمایون سے صادر ہو چکی ہے۔ لہذا محمد یوسف خان مڈل پاس کا تقرر عـــہ تنخواہ پر اور سید سعید محمد ششم پاس کا تقرر دس روپیہ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ چھ ماہ منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مدرسہ بازار نصر اللہ خان میں جدید تقرر جسکی منظوری اجلاس ہمایون سے صادر ہو چکی ہے اس جگہ پر سے محمد احمد خان منشی عالم پنجاب اور منشی کامل الہ آباد کا تقرر عـــہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ ۱۵ مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

منشہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب درباره منظوری رخصت رعایتی ۱۲ یوم من ابتدا ۸ جون سنہ ۱۹۲۹ء لغایت ۱۹ جون سنہ ۱۹۲۹ء ڈاکٹر غلام محمد ثقلین متعینہ شفاخانہ بلاسپور۔

حکم

حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب ڈاکٹر غلام محمد ثقلین کی رخصت رعایتی ۱۲ یوم ۸ جون سنہ ۱۹۲۹ء سے منظور ہے۔ کام کا انتظام چیف میڈیکل افسر صاحب کر دینگے۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۱ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

کرامت علیخان مدرس مدرسہ ریوڑی تحصیل شاہ آباد بوجہ علالت و نہ پڑھانے قرآن شریف برخاست کیا گیا۔ بجائے نامبردہ کے شمس الدین ششم پاس کا تقرر بشاہرہ دعـــہ امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۱ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

شاہ عالم خان مدرس مدرسہ ٹیوائی تحصیل شاہ آباد تنخواہ دار عـــہ ماہوار بوجہ خرابی کام وغیر حاضری مدرسہ برخاست کیا گیا۔ مدرسہ ٹیوائی تحصیل شاہ آباد میں مسمی علی امیر چہارم پاس کا تقرر امتحاناً برائے ۳ ماہ بشاہرہ لـــہ کیا گیا۔

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

اندری پرشاد انگلش ٹیچر مدرسہ تحصیل بلاسپور کا استعفا یکم جون سنہ ۱۹۲۹ء سے منظور ہے

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۱ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

رام بھروسے لال مدرس مڈل اسکول اپنے خدمت پر بہ تنخواہ موجودہ مستقل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۶ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

روبکار ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء کے اتباع میں نالشات اضافہ لگان ہر قسم کا شتکار کی بابت و نالشات دفعات ۹۵ و ۹۶ ایکٹ ۱۲ سنہ ۱۹۰۱ء و نالشات واپسی معافیات مہتمم بندوبست کے اجلاس میں دائر و فیصل ہوتے ہیں۔ ہمارے چاہ بیٹے پر بوجہ سپردگی صیغہ ذیل نالشات مذکورہ کا ابتدائی دائرہ و فیصلہ تحصیلدار صاحبان کے سپرد بحکم ۳ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء ہوا ہے لیکن صاف طور پر دفعات کا حوالہ اس تحریر میں نہیں دیا گیا تھا کل مقدمات ابتدائی کی سپردگی اور اضافہ لگان

دستور لگان کی جو آگی تحریر ہوئی تھی جس وجہ سے یہ غلط فہمی ہو رہی ہے کہ مولوی فقیہ الدین وکیل نے ایک دعوے دفعہ ۹۶ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء کا ہمارے اجلاس میں بدین خلاصہ مستدعا پیش کیا تھا کہ حکام ماتحت حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر نے واپس کر دیا ہے اس نالش کو کہاں دائر کیا جائے جنے وہ نالش باتباع حکم مذکور تحصیل متعلق میں بنا بر دائرہ فیصلہ ارسال کر دی ہر آئندہ کے لئے توضیح احکام کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ جو نالشات ابتدائی صورت سے بندوبست میں پہلے دائر و فیصل ہوتے ہیں - جن کا تذکرہ روبکار ہذا میں اوپر کر دیا گیا ہے - وہ کل تحصیلات متعلق میں دائر و فیصل ہوا کریں گے - لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام عام جاری ہوں - ایک نقل شامل مسل اجلاس ہذا میں رکھی جائے - ایک نقل درج گزٹ کیجائے -

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مشمولہ رپورٹ احمد علیخان نائب رجسٹرار قانونگوئے تحصیل بلاسپور دربارہ عطائے رخصت مزید ۱۵ یوم بوجہ بقائے علالت تصدیق ڈاکٹر

حکم

بلحاظ تصدیق ڈاکٹری احمد علیخان نائب رجسٹرار کی رخصت مزید ۱۵ یوم ۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے منظور کیجاتی ہے - حسب تجویز رخصت سابقہ نصف تنخواہ احمد علیخان اور نصف تنخواہ کام کرنیوالے کو دیدی جائیگی - احکام جاری ہوں -

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم							نقشہ نرخنامہ اجناس صادر نہیں آیا
نخود خالص							
نخود کستہ آمیز							
کستہ							
ماش							
مونگ							
مکا							
جئی							
گڑ چینی							
[illegible]							
ارہر							
برنج							
روغن زرد							
روغن سیاہ							
روغن کنجہ							
نمک سانبھر							
نمک لاہوری							
قند سیاہ							
باجرہ							

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	میزان [illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۲	۴	۲۹	۲	۷۱	۹۱	۱۰	۲۸	۲۳	۷	۱۰	۱۹	۱۸	۵۴	۵۱	۷۴	۳۱	۱	۲۰	۰	۸۴	۰	۰	۰	۱۰۵	
گنج	۲۳	۴	۱۶	۲	۴۵	۳۹	۹	۵۴	۵۱	۲	۱	۲۶	۱۸	۸۲	۷۰	۱۳۷	۱۵	۰	۴۸	۰	۸۴	۰	۰	۰	۱۵۲	
حوالی شہر	۲۷	۱۲	۹	۱۲	۳۷	۱۳	۲۴	۴	۵	۳	۱	۷	۱۰	۱۴	۱۶	۱۲	۱۴	۱	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۳۰	
عظیم نگر	۱۳	۷	۹	۵	۳۱	۱۹	۱۲	۸	۲	۱	۱	۲۱	۱۴	۳۰	۲۰	۳۱	۱۹	۰	۰	۰	۵۰	۰	۰	۰	۵۰	
شاہ آباد	۱۵	۳۲	۴	۲۸	۷۹	۱۹	۹۰	۱۲	۵	۹	۶	۲۹	۴۰	۴۲	۵۱	۳۸	۵۹	۰	۰	۵۸	۰	۰	۰	۳۹	۹۷	
پیرانی	۹	۴۷	۳	۲۴	۸۳	۱۲	۷۱	۱۰	۵	۰	۰	۱۱	۱۲	۲۱	۲۱	۵	۳۷	۰	۰	۰	۴۲	۰	۰	۰	۴۲	
ملک	۵	۴۹	۳	۴۶	۱۰۳	۸	۹۵	۹	۷	۰		۱۹	۱۰	۲۸	۱۶	۶	۳۹	۰	۰	۴۵	۰	۰	۰	۰	۴۵	
بلاسپور	۱۳	۱۲	۲	۹	۴۴	۱۹	۲۵	۱۳	۷	۱	۱	۴۳	۳۶	۵۷	۴۴	۵۷	۴۴	۱	۰	۹۹	۰	۱	۰	۰	۱۰۱	
کیمری	۳	۹	۳	۴	۱۹	۶	۱۳	۵	۰	۰	۰	۱۵	۳	۲۰	۳	۸	۱۵	۰	۰	۲۱	۱	۰	۰	۱	۲۳	
سوار	۸	۴	۰	۳	۲۳	۱۲	۷	۱	۱	۲	۲	۱۲	۱۱	۱۵	۱۴	۱۵	۱۴	۰	۰	۲۸	۱	۰	۰	۰	۴۹	
ٹانڈہ	۱۲	۸	۱۰	۶	۳۰	۲۲	۱۴	۱۰	۳	۱	۲	۲۲	۱۸	۳۳	۲۴	۳۰	۲۷	۰	۰	۰	۵۱	۰	۱	۵	۵۷	
میزان	۱۸۴	۱۹۷	۹۹	۱۸۵	۵۸۵	۲۴۸	۳۳۷	۱۵۲	۱۱۳	۲۳	۲۲	۲۲۳	۱۹۳	۴۰۰	۳۳۱	۴۱۷	۳۱۴	۲	۸۸	۲۵۱	۳۳۳	۱	۱	۴۵	۷۳۱	